Consumer Banking

Committed to People



# Sunehra Aghaz

## Pur Azm Aaj
## Pur Ummeed Kal



Summit Bank

Committed to you

www.summitbank.com.pk 0800-24365

## سنہرا آغاز کیا ہے؟

بلال اپنے اور اپنے خاندان کے مستقبل کے لئے بچت چاہتا ہے اور وہ بجٹ کا ایسا طریقہ چاہتا ہے جس سے اُس کی بچت پر اُس کو مناسب منافع ملے۔ وہ جوبلی لائف کے منصوبے میں دلچسپی رکھتا ہے جو بالخصوص سمٹ بینک کے صارفین کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

سنہرا آغاز نہ صرف باقاعدہ اور منظم بچت کا ذریعہ ہے بلکہ وہ بلال کے خاندان کو مستقبل کی غیر یقینی صورتحال سے بچانے کے لئے بھی کارآمد ہے جو پہلے سے پلان میں شامل لائف انشورنس کے ذریعے حاصل ہوتی ہے۔

اب بلال ہر ذہنی فکر سے آزاد ہے کیونکہ وہ اس بات سے مکمل طور پر آگاہ ہے کہ اُس کی بچت سے اُس کو اور اُس کے خاندان کو تحفظ حاصل ہے۔

## سُنہرا آغاز بچت منصوبہ ہی کیوں؟

* مشترکہ بچت اور تحفظ کے عناصر مل کر یقینی طور سے آپ کے خاندان کو معاشی لحاظ سے محفوظ بناتے ہیں۔
* اپنی پسند اور سہولت کے مطابق منصوبے کی مدت، انشورنس کوریج اور فوائد کا انتخاب مناسب ادائیگی کے عوض کریں۔
* سرمایہ کاری فنڈز کا انتخاب اپنی حکمت عملی سے کریں۔
* جب چاہیں اضافی فنڈز کے ذریعے اپنی سرمایہ کاری بڑھا سکتے ہیں۔
* افراطِ زر کی شرح سے مقابلہ
* منصوبہ جاری رکھنے پر فوائد حاصل کریں۔

## تعمیری فوائد: (Built-in-Benefits)

### تکمیلی فوائد: (Maturity Benefits)

منصوبہ کی منتخب کردہ مدت کے اختتام پر، بیمہ دار کو یکمشت کیش ویلیو ملے گی۔

### ڈیتھ بینفٹ: (Death Benefit)

سنہرا آغاز بچت منصوبہ یقینی طور پر اس ضمانت کے ساتھ آپ کے خاندان کو لائف انشورنس کا تحفظ فراہم کرتا ہے اُس بچت کے ساتھ جو آپ نے اپنے عزائم کی تکمیل کے لئے کی ہے۔ موت کی صورت میں آپ کے پیاروں کو سم ایشورڈ یا کیش ویلیو میں سے جو زیادہ ہو حاصل ہوگی۔

اپنے سالانہ بنیادی پریمیم کو اپنی بچت اور انشورنس ضروریات کے مطابق کور ملٹیپل (3-254) سے ضرب دے کر آپ سم ایشورڈ معلوم کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کا سالانہ بنیادی پریمیم -/100,000 روپے ہے اور آپ کا منتخب کردہ کور ملٹیپل 10 ہے۔ آپ کا سم ایشورڈ 10 x 100,000 = 1,000,000 روپے ہوگا۔

* بیمہ دار کو کور ملٹی پل کی مختلف رینج دستیاب ہوتی ہیں جو پالیسی ہولڈر کی عمر اور انڈر رائٹنگ پر منحصر ہے۔

## نوٹ:

آپ کی بچت اور انشورنس کی ضروریات کے مطابق مطلوبہ کوریج کے انتظام کے لئے آپ سمٹ بینک کی قریبی برانچ میں ہمارے نمائندے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## اختیاری فوائد: (Optional Benefits)

### فیملی انکم بینفٹ: (Family Income Benefit)

* بیمہ دار کے انتقال کر جانے کی صورت میں بیمہ دار کے خاندان کو منصوبے کی مدت کے اختتام تک دیگر اضافی فوائد کے علاوہ باقاعدگی سے اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

### پیچیدہ بیماریوں کی صورت میں فوائد: (Critical Illness Benefit)

مخصوص پیچیدہ بیماریوں میں سے کسی بیماری کی تشخیص ہوجانے پر وہ فوائد حاصل ہوں گے جو بصورت موت حاصل ہوتے ہیں۔

### اسپتال کے اخراجات کے لئے نقد رقم: (Hospitalization Cash Rider)

اسپتال میں داخل ہونے پر بیمہ دار کو یومیہ فوائد حاصل ہوں گے۔مخصوص پیچیدہ بیماریوں میں سے کسی بیماری کی وجہ سے اسپتال میں داخل ہونے پر یہ فوائد دُگنا ادا کیئے جائیں گے۔انتہائی نگہداشت کے شعبے میں داخل کی صورت میں 50% اضافی فوائد حاصل ہوں گے۔ان فوائد سے شریک حیات اور بچوں کا بھی احاطہ کیا جاسکتا ہے۔

### حادثاتی موت: (Accidental Death)

حادثاتی موت کی صورت میں اضافی تحفظ فراہم کرنے کے لئے اس فائدے کے تحت آپ کو اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ اگر موت کسی حادثے کی وجہ سے واقع ہوئی تو۔

### حادثاتی موت یا اعضاء کا کٹ جانا: (Accidental Death or Dismemberment)

اس فائدے کے تحت ایک اضافی رقم اُس صورت میں ادا کی جائے گی جب بیمہ دار کی موت کسی حادثے کی وجہ سے ہوئی ہو۔کُلی یا جزوی طور پر معذور ہونے کی صورت میں رقم ادا کی جائے گی جو معذوری کی نوعیت کے مطابق ہوگی۔

### مکمل دائمی معذوری: (Permanent Total Disability)

مکمل طور پر معذور ہوجانے پر وہ تمام فوائد حاصل ہوں گے جو بصورت موت حاصل ہوتے ہیں۔

### پریمیئم کی چھوٹ: (Waiver of Premium)

اگر بیمہ دار کسی پیچیدہ بیماری یا معذوری کا شکار ہے اور اپنے پیشہ وارانہ امور سرانجام دینے سے قاصر ہے یا کوئی دوسرا پیشہ جو اُس کی تربیت، تعلیم یا تجربے کی بنیاد پر چھ ماہ تک اختیار نہیں کرسکتا، تو اس کا پریمیئم اگلے پریمیئم کی ادائیگی تک معاف سمجھا جائے گا۔

### فنڈز کا انتظام: (Funds Management)

آپ کی پسند سے آپ کی رقم سے سرمایہ کاری جوبلی لائف کے فنڈز (مینجڈ فنڈ، میثاق فنڈ، کیپٹل گروتھ فنڈ یا یقین گروتھ فنڈ) میں کی جائے گی، جو ماہر انویسٹمینٹ مینجرز کی زیرِ نگرانی ہوتے ہیں جس میں سرمایہ کاری کے کم خطرناک مواقعوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

منصوبے کی مدت کے دوران آپ کی ادائیگی پر سرمایہ کاری کی جائے گی۔منتخب مدت کے اختتام پر آپ یکمشت کیش ویلیو وصول کریں گے۔

### سرمایہ کاری کے اختیارات: (Investment Options)

آپ کی سرمایہ کاری کی وجہ جو کچھ بھی ہو، آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا پیسہ آپ کو زیادہ سے زیادہ منافع دے اور ساتھ ساتھ آپ اپنی پسند کے مطابق سرمایہ کاری کا کنٹرول برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔

جوبلی لائف کے فنڈز کی وسیع رینج آپ کو کسی ایک فنڈ میں مکمل طور پر سرمایہ کاری کرنے کی اجازت دیتا ہے جو آپ کی سرمایہ کاری کی ضرورت کے عین مطابق ہے یا دستیاب سرمایہ کاری کے آپشنز میں تقسیم کریں۔

### مینجڈ فنڈ: (Managed Fund)

اس فنڈ کا مقصد حصص، حکومتی اور دیگر فکسڈ انکم سیکیوریٹیز اور کیش ڈپازٹس کے وسیع انتخاب میں متوازن سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔

### یقین گروتھ فنڈ: (Yaqeen Growth Fund)

اس فنڈ کا مقصد اُن سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے جو مارکیٹ کے اُتار چڑھاؤ سے کم سے کم متاثر ہونے والی اعلیٰ سطح کی لیکوئڈ سرمایہ کاری سے زیادہ منافع حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

### میثاق فنڈ: (Meesaq Fund)

اس فنڈ کا مقصد سرمایہ کاروں کو بلاسود سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ میثاق فنڈ کی سرمایہ کاری منتخب کردہ اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامک بینک کے مختصر معیاد کے ڈپازٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینکوں کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر کار آمد بلاسود سرمایہ کاری کے شعبوں میں کی جاتی ہے۔

### کیپٹل گروتھ فنڈ: (Capital Growth Fund)

اس فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے، جس کے لئے مختلف اقسام کے اثاثہ جات پر مبنی سرمایہ کاری کی جاتی ہے، جن میں ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس سے بینک ڈپازٹس تک مختلف طریقوں سے سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے۔

### آپ کے لئے سرمایہ کاری کا لچکدار انتظام: (Flexibility to Manage your Investment)

جوبلی لائف آپ کو سرمایہ کاری کے لئے لچکدار مواقع فراہم کرتی ہے، آپ اپنا پریمیئم دستیاب فنڈز میں سے کسی ایک فنڈ میں یا دیگر فنڈز کے درمیان تقسیم کر سکتے ہیں۔ بعدازاں فنڈز کی کارکردگی کے لحاظ سے، آپ مختلف فنڈز کے درمیان سوئچ کر سکتے ہیں۔ جوبلی لائف آپ کو ہر پالیسی سال کے دوران چار مفت سوئچنگ کی اجازت دیتی ہے۔ پانچویں سوئچ پر چارجز لاگو ہوں گے جو سوئچ کرنے سے قبل آپ کی کیش ویلیو سے منہا کرلئے جائیں گے۔

### سرمایہ کاری میں اضافہ: (Investment Top Ups)

کسی بھی مرحلے پر آپ کے پاس اضافی فنڈ دستیاب ہوسکتے ہیں۔ اس منصوبے کے تحت آپ ایڈہاک پریمیئم کی ادائیگی کر کے اپنی سرمایہ کاری باقاعدہ بڑھاسکتے ہیں۔ یہ سرمایہ کاری اُس وقت موجود پیش کردہ قیمتوں پر کی جائے گی۔

### Combating Inflation

افراطِ زر کی وجہ سے آپ کی آج کی رقم آپ کو کل یکساں حفاظت مہیا نہیں کرسکتی۔ سنہرا آغاز آپ کو افراطِ زر کے اثرات سے نمٹنے کے لئے مدد فراہم کرتا ہے آپ کے پریمیئم اور یقینی رقم میں اضافے کے لئے جوبلی لائف کی جانب سے تعین کردہ معیار پر کسی اضافی معاہدے کے بغیر آپ کے پاس اس بات کا حق ہے کہ آپ اس اضافہ کو رد کریں اور اپنے پلان کو پہلے کی شرائط وضوابط پر جاری رکھیں یا اپنی ضرورت کے مطابق کم اضافہ کا انتخاب کریں۔

### کنٹینیوٹی بونس: (Continuity Bonus)

اگر آپ بغیر کسی وقفہ کے چار سال سے زائد تک اپنا منصوبہ جاری رکھتے ہیں تو آپ کنٹینیوٹی بونس (Continuity Bonus) کے حقدار ہوں گے۔ یہ اضافی یونٹ کی شکل میں ہر سال آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں مختص کیے جائیں گے جو آپ کے بنیادی پریمیئم کے علاوہ ہوگی۔ ان ضافی یونٹ کی وجہ سے آپ کی سرمایہ کاری میں تیزی سے اضافہ ہوگا۔



## تکمیل سے پہلے ادائیگی: (Encashment before Maturity)

سنہرا آغاز بچت منصوبہ آپ کو پالیسی کے دوسال مکمل ہونے پر (مکمل یا جزوی طور پر) آپ کو رقم واپس لینے کی اجازت دیتا ہے، بشرطیکہ آپ نے دوسال کا پریمیئم ادا کیا ہو۔

## جزوی دستبرداری: (Partial Withdrawal)

اگر آپ کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے اپنی رقم نکلوانا چاہتے ہیں۔لیکن پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے تو آپ جتنی رقم چاہیں نکلوا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ دستبرداری کے بعد آپ کی پالیسی کی بقایا کیش ویلیو -/24,000 روپے یا اس سے زیادہ ہو۔(بقایا کیش ویلیو کی حد پر کمپنی نظر ثانی کرسکتی ہے)۔آپ کا سم ایشورڈ نکالی گئی رقم جتنا کم کر لیا جائے گا۔

## پالیسی سے مکمل دستبرداری: (Full Policy Surrender)

پالیسی کے دوسال مکمل ہونے کے بعد (اگر آپ نے دوسال کا مکمل پریمیئم ادا کیا ہو)، آپ اپنی پالیسی سے دستبردار ہوسکتے ہیں۔دستبرداری کے موقع پر، آپ کے فنڈ کی مکمل کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔ ابتدائی سالوں میں پالیسی سے دستبرداری کے نتیجہ میں کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے۔

## دیگر معلومات:

### یہ پراڈکٹ کون خرید سکتا ہے؟

وہ افراد جن کی عمریں 18 سے 65 سال کے درمیان ہوں اہل ہیں۔

## پریمیئم

منصوبے کا بنیادی پریمیئم کم از کم -/24,000 روپے سالانہ ہے۔

## پالیسی کی مدت:

پالیسی کی دستیاب مدت 10 سال سے 25 سال تک ہے، بشرطیکہ پلان کی تکمیل پر زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو۔

## پریمیئم ادائیگی کا طریقہ کار:

آپ اپنا پریمیئم سالانہ، ششماہی، سہ ماہی اور ماہانہ بنیادوں پر ادا کر سکتے ہیں۔

## کیش ویلیو: (Cash Value)

کیش ویلیو آپ کے یونٹ اکاؤنٹ کے یونٹوں کی تعداد کو آپ کے منتخب کردہ فنڈ کی قابل اطلاق بڈ پرائس سے ضرب دینے سے حاصل ہوگی۔

مثال کے طور پر آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں یونٹس کی تعداد ایک ہزار ہے اور یونٹ کی لاگو قیمت -/800 روپے ہے تو:

=1000 X 800 روپے فی یونٹ

=800,000 روپے آپ کی کیش ویلیو ہوگی۔

## یونٹ ایلوکیشن: (Allocation of Units)

منصوبے کا بنیادی پریمیئم مندرجہ ذیل جدول کے مطابق ہوگا۔

| پالیسی سال | بنیادی ایلوکیشن % |
|---|---|
| 1 | 30% |
| 2 | 85% |
| 3 | 90% |
| 4 اور اس سے زائد | 100% |
| ایڈ ہاک | 100% |

## کینٹینوٹی بونس: (Continuity Bonus)

بنیادی منصوبہ کے پریمیئم کے اضافی یونٹ کی تقسیم کا تناسب مندرجہ ذیل ہے۔

| پالیسی سال | اضافی ایلوکیشن % |
|---|---|
| 5 سال اور اُس سے زائد | 3% |

اضافی یونٹوں کی تقسیم بنیادی یونٹوں کے علاوہ ہے۔

### دیگر چارجز:

ابتدائی سالوں میں کم ایلوکیشن کے علاوہ درج ذیل چارجز بھی پلان پر نافذ العمل ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| بڈ/ آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیم کا 5% |
| مینجمنٹ چارج | فنڈز ویلیو کا 1.5% سالانہ |
| انتظامی فیس | 55/- روپے ماہانہ |
| مورٹیلٹی چارجز | ایس ای سی پی کی ہدایت کے مطابق |
| رائیڈر چارجز | اگر آپ نے رائیڈرز کا انتخاب کیا ہو۔ |
| سوئچنگ / ری ڈائریکشن | ہر سال چار مرتبہ سوئچنگ / ری ڈائریکشن کی سہولت بلا معاوضہ حاصل ہے۔<br>ہر اضافی سوئچنگ / ری ڈائریکشن پر آپ کو 500/- ادا کرنا ہوں گے۔ |

* کمپنی تمام معاوضوں پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

### مفت تجرباتی دورانیہ: (Free Look Period)

جوبلی لائف آپ کو 15 دن کے مفت تجرباتی دورانیے (Free Look Period) کی سہولت پیش کرتی ہے، تاکہ آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکیں۔ اگر چاہیں تو اپنی پالیسی ختم کر دیں۔ آپ کی جانب سے تحریری درخواست پر پالیسی دستاویز کے وصول ہونے کے 15 دن کے اندر آپ کا پریمیم واپس کر دیا جائے گا۔ جوبلی لائف کو یہ اختیار ہے کہ وہ آپ کے طبی تجزیوں کی مد میں ہونے والے اخراجات منہا کرے، اگر کوئی ہو۔

### نوٹ:

یہ منصوبہ سنہرا آغاز بچت منصوبہ کی جنرل آؤٹ لائن دے رہا ہے۔ منصوبے اور اضافی فوائد کی تفصیلی شرائط و ضوابط پالیسی کی شرائط میں مقرر کی گئی ہیں۔

### اعلانات:

- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف کی تحریر کردہ ہے۔ سمٹ بینک یا اس کے متعلقین اس کی ضمانت اور یقین دہانی سے قاصر ہیں اور یہ سمٹ بینک کی پراڈکٹ نہیں ہے۔
- جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے۔ اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی سمٹ بینک پر اس کی ذمہ داری عائد ہوگی۔
- ذاتی فوائد کی مثال آپ کو ہمارا سیلز نمائندہ فراہم کرے گا۔
- مزید تفصیلات اور مختلف شرائط وضوابط سمجھنے کے لئے پالیسی دستاویز کا مطالعہ کریں۔

Contact Details:
Jubilee Life Insurance Company Limited
Head Office: 74/1-A, Lalazar, M.T Khan Road, Karachi, 74000, Pakistan.
Tel: (021) 35611071-75, 35611802-08 Fax: (021) 35610959, 34322022
Email: info@jubileelife.com, Website: www.jubileelife.com
UAN: 111 111 554 (111 111 JLI), SMS: *JLI* to 8282